**20.07.2024**

**13.50 Hrs**

## HL-OPENNING

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ رحمن

---------------------------------------

* ملک بھر کے ہوائی اڈوں پر ہوائی نظام نے مائیکروسافٹ میں گڑبڑی کے بعد معمول کے مطابق کام کرنا شروع کردیا ہے۔

* امتحانات منعقد کرنے والی قومی ایجنسی این ٹی اے نے سپریم کورٹ کی ہدایات کے مطابق نیٹ یوجی 2024 کے نتائج کا ہر شہر اور مرکز کے حساب سے اعلان کیا ہے۔

* بنگلہ دیش میں کوٹہ مخالف احتجاج کی وجہ سے تین سو سے زیادہ بھارتی طلباء وطن واپس آگئے ہیں۔ وزیراعظم شیخ حسینہ نے اپنے غیر ملکی دورے ملتوی کردئے ہیں۔

* اور خواتین ایشیا کپ ٹی ٹوینٹی کرکٹ میں بھارت نے سری لنکا کے دمبولا میں اپنے افتتاحی میچ میں پاکستان کو سات وکٹ سے ہرادیا۔

---------------------------------------

اب خبریں تفصیل سے---

## CIVIL AVIATION

شہری ہوابازی کی وزارت نے بتایا ہے کہ ملک بھر کے ہوائی اڈوں سے ہوابازی کے نظام نے معمول کے مطابق کام کرنا شروع کردیا ہے۔ مائیکرو سافٹ نے فنی خرابی کی وجہ سے کل ہوائی آمد و رفت متاثر ہوئی تھی۔ وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ رُکاوٹ کی وجہ سے متاثر ہونے والے باقی کام کو بتدریج نمٹایا جارہا ہے۔ بیان میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ سرکار ہوائی اڈوں پر ہوائی سرگرمیوں پر لگاتار نظر رکھے ہوئے ہے اور ہوائی جہازوں کی آمد و رفت میں ضروری ردّوبدل کو یقینی بنایا جارہا ہے اور رقم بھی واپس کی جارہی ہے۔x

## GOVT. ALL PARTY MEET

سرکار نے پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس شرو ع ہونے سے پہلے کل سبھی پارٹیوں کی میٹنگ بلائی ہے تاکہ پارلیمنٹ کی کارروائی کو خوش اسلوبی سے چلایا جاسکے۔ میٹنگ کے دوران سرکار سبھی سیاسی جماعتوں سے تعاون حاصل کرنے کی کوشش کرے گی، تاکہ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی خوش اسلوبی سے کارروائی کو یقینی بنایا جاسکے۔ بجٹ اجلاس پیر سے شروع ہوگا اور یہ

اگلے مہینے کی 12 تاریخ تک جاری رہے گا۔ مرکزی بجٹ اس مہینے کی 23 تاریخ کو پیش کیا جائے گا۔ نریندر مودی سرکار کی تیسری مدت میں یہ پہلا بجٹ ہوگا۔

گذشتہ مہینے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا تھا کہ یہ بجٹ سرکار کی دور رس پالیسیوں اور مستقبل کے منصوبوں کی ایک مؤثر دستاویز ہوگا۔x

## AMIT SHAH JHARKHAND

مرکزی وزیر داخلہ اور بی جے پی کے سینئررہنما امت شاہ آج جھارکھنڈ کے ایک روزہ دورے پر رانچی پہنچے۔ جناب شاہ ریاستی بی جے پی کی توسیع شدہ ورکنگ کمیٹی کی میٹنگ سے خطاب کریں گے۔ وہ پارٹی کی ریاستی کور گروپ کی میٹنگ میں شرکت کریں گے اور بی جے پی کارکنوں سے بھی بات چیت کریں گے۔ جھارکھنڈ بی جے پی کے سربراہ بابولال مرانڈی نے کہا ہے کہ جناب شاہ حال ہی میں ہوئے لوک سبھا انتخابات میں NDA کے ساتھ ساتھ پارٹی کی کارکردگی کا جائزہ لیں گے۔ اس سال کے آخر میں ریاست میں اسمبلی انتخابات بھی ہونے والے ہیں۔x

## NTA-NEET RESULT

امتحانات کے انعقاد سے متعلق قومی ایجنسی NTA نے میڈیکل داخلہ امتحان NEET- UG کے نتیجے ہر شہر اور ہر مرکز کے حساب سے اپ لوڈ کردئیے ہیں۔ سپریم کورٹ کی ہدایت کے بعد NTAنے نتائج شائع کئے ہیں۔ اس سے پہلے عدالت عالیہ نے NTA کو ہدایت دی تھی کہ وہ آج دوپہر 12 بجے تک امیدواروں کو شناخت ظاہر کئے بغیر ہر شہر اور ہر مرکز کے حساب سے نتائج اپنی ویب سائٹ پر شائع کردے۔ یہ نتائج neet.ntaonline.in پر دستیاب ہیں۔x

## NEET RANCHI

رانچی میں واقع RIMS راجندر انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز کی انتظامیہ نے Neet-UG داخلہ امتحان پیپر لیک ہونے کے معاملے میں ملوث ہونے کی پاداش میں MBBS سال دوئم کی طالبہ سربھی کماری کو معطل کردیا ہے۔ انتظامیہ نے Neet-UG امتحان کے دوران سربھی کماری کی سبھی سرگرمیوں کی چھان بین کیلئے پانچ ممبروں پر مشتمل کمیٹی تشکیل دی ہے۔ CBI نے کل اسے ہاسٹل سے گرفتار کیا تھا اور مزید پوچھ تاچھ کیلئے اسے تین دن کی حراست میں لیا ہے۔ پوچھ تاچھ کے دوران سربھی کماری نے نیٹ کے امتحان کے پیپر کو حل کرنے کی بات قبول کی ہے۔ وہ جھارکھنڈ کے رام گڑھ ضلع کی رہنے والی ہے۔x

## VAISHNAV TECHNICHAL EDUCATION

مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت مختلف اقدامات کے ذریعے سرکاری تکنیکی تعلیم کے شعبے کی ترقی کیلئے ہرممکن کوشش کررہی ہے۔ انہوں نے سرکاری ٹیکنیکل انجینئرنگ اداروں سے کہاکہ وہ نئے خیالات اور تصورات لے کر آئیں اور مرکز کو فوری طور پر اپنی تجویز ارسال کریں تاکہ مرکز اُنہیں اس کے مطابق بہترین سہولتیں فراہم کرسکے۔ جناب

اشونی ویشنو کل ممبئی میں مہاراشٹر کی اعلیٰ اور تکنیکی تعلیم کے وزیر چندرکانت دادا پاٹل کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران اظہارخیال کررہے تھے۔ اِس موقع پر تکنیکی تعلیم سے متعلق مہاراشٹر ریاستی بورڈ کے ذریعے قائم کئے جارہے روبوٹکس اور آٹومیشن اور IIT 3D پینٹنگ میں مہارت کے مرکز سے متعلق ایک پرزنٹیشن تیارکیاگیا۔x

## GOVT. KEN BETWA PROJECT

مرکز نے اترپردیش اور مدھیہ پردیش دونوں ریاستوں سے زور دے کر کہاہے کہ وہ زمین کو قبضے میں لینے کے کام میں تیزی لائیں اور Ken Betwa Link Project سے متعلق سبھی زیرالتوا تفصیلی پروجیکٹ رپورٹس کو تیزی سے مکمل کریں۔

دریاؤں کو باہم مربوط کرنے والے اِس پروجیکٹ میں مدھیہ پردیش کے Ken دریا سے، اترپردیش کے Betwa دریا تک اضافی پانی کو لے جانے کی تجویز پیش کی گئی ہے تاکہ بندیل کھنڈ خطے میں آب پاشی کی جاسکے۔

کَل نئی دلّی میں Ken Betwa Link Project اتھارٹی کی رہبر کمیٹی کی چھٹی میٹنگ منعقد ہوئی تھی۔x

## CM TREE PLANITAION

وزیراعظم نریندر مودی کی ایک پیڑ ماں کے نام مہم سے فیضان حاصل کرتے ہوئے اترپردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے آج ریاست بھر میں بڑے پیمانے پر شجرکاری کی مہم کا آغاز کیا۔ اس مہم کے تحت ایک دن میں 36 کروڑ 50 لاکھ پودے لگانے کا نشانہ رکھا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے اکبر نگر، لکھنؤ میں پیڑ لگاؤ، پیڑ بچاؤ جن ابھیان 2024 کی شروعات کی۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ لگاتار جنگلات کے خاتمے سے عالمی تمازت کا مسئلہ بڑھ رہا ہے۔x

## BANGLADESH PROTEST

بنگلہ دیش میں حفاظتی دستوں اور کوٹے کے خلاف احتجاج کرنے والے افراد کے درمیان جھڑپوں کی وجہ سے 300 سے زیادہ ہندوستانی طلبا وطن واپس آنے پر مجبور ہوگئے۔ ان جھڑپوں میں اب تک کم سے کم 104 افراد ہلاک اور دو ہزار 500 سے زیادہ زخمی ہوچکے ہیں۔ پڑوسی ملک میں سرکاری ملازمتوں میں پھر سے ریزرویشن کئے جانے کے معاملے پر کئی ہفتوں سے ملک بھر میں احتجاج کیا جارہا ہے۔ یہ طلبا جن میں سے بیشتر اترپردیش، ہریانہ، میگھالیہ اور جموں و کشمیر کے ہیں، چھ گھنٹے طویل سفر کے بعد کل ملک کی شمال مشرقی سرحد پار کرکے وطن واپس آگئے۔

انٹرنیٹ کے لگ بھگ بند ہوجانے اور ہندوستانی طلبا اور اُن کے کنبوں کے درمیان ٹیلیفون رابطہ بری طرح متاثر ہونے کی وجہ سے یہ طلبا عارضی طور پر بنگلہ دیش سے واپس آگئے ہیں۔

اسی دوران بنگلہ دیش کی وزیراعظم نے ملک کی موجودہ صورتحال کے پیش نظر اپنا اسپین اور برازیل کا مجوزہ دورہ منسوخ کردیا ہے۔

## FORIEGN SEC. BHUTAN

خارجہ سکریٹری وکرم مسری اور بھوٹان کے ان کے ہم منصب **Aum Pema Choden** نے آج بھوٹان میں تیسری بھارت بھوٹان ترقیاتی تعاون بات چیت کی مشترکہ صدارت کی۔ میٹنگ کے دوران دونوں خارجہ سکریٹریوں نے تیرہویں پانچ سالہ منصوبے کی مدت کے تحت ترقیاتی شراکتداری کے مختلف شعبوں میں نفاذ کے طورطریقوں اور تعاون کا جائزہ لیا۔ جناب مسری بھوٹان کے دو روزہ سرکاری دورے پر ہیں۔

خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے بھوٹان کے وزیراعظم **Tshering Tobgay** سے کل ملاقات کی تھی۔ جناب مسری نے بھوٹان کے ساتھ بھارت کے قریبی دوستانہ تعلقات کا اعادہ کیا اور بھارت بھوٹان تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے لئے بھوٹان کے ساتھ بھارت کے مضبوط عہد کو دوہرایا۔x

## J&K FESTIVAL

مرکز کے زیرانتظام علاقے جموں وکشمیر میں پلوامہ ضلع میں  دیوی ماتا جوالا جی کے مندر میں سالانہ فیسٹول جسے مقامی طور پر ""**Haar Choudhah**" کے نام سے بھی جانا جاتا ہے، آج مذہبی عقیدت اور جوش وخروش کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ آج صبح سے ہی ہزاروں کی تعداد میں عقیدت مند مندر آرہے ہیں اور آج **Ashaad Chaturdashi** کے موقع پر ماتا جوالا جی کی جینتی کو منانے کے لئے انہیں خراج عقیدت پیش کررہے ہیں۔ **Khrew** اور دیگر پاس کے گاؤوں کی مقامی مسلم لوگ عقیدت مندوں کو نیک خواہشات پیش کرتے نظر آرہے ہیں، جنہوں نے آنے والے عقیدت مندوں کے لئے  پوجا سے متعلق سبھی سامان دستیاب کرایا ہے۔xx

## INDIA POST RAKHI

بھارتیہ ڈاک نے لوگوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ اپنے  عزیزوں تک راکھیوں کی بروقت وصولی کو یقینی بنانے کیلئے آئندہ 31 جولائی تک راکھی بھیجنے کا منصوبہ بنائیں۔ بھارتیہ ڈاک نے لوگوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ بین الاقوامی میلنگ کی پیچیدگیوں کو دور کرنے کیلئے ''کچھ کریں اور نہ کریں'' پر عمل کریں اور تاخیر اور کسٹم سے متعلق رکاوٹوں کے امکان کو کم سے کم کریں۔ لوگوں کو کلیئرنس کے عمل کو تیز کرنے کیلئے کسٹم ڈکلریشن فارم پیکج کے مندرجہ جات کو درست طریقے سے ظاہر کرنا چاہئے۔x

## WOMEN'S CRICKET

خواتین ایشیا کپ ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں کل شام سری لنکا کے دمبولہ میں ٹورنامنٹ کے افتتاحی میچ میں دفاعی چمپئن بھارت نے پاکستان کو سات وکٹ سے ہرایا۔ جیت کیلئے 109 رن کے نشانے

کو حاصل کرتے ہوئے بھارتی خواتین ٹیم نے 35 گیند رہتے ہوئے سات وکٹ سے یہ میچ جیت لیا۔ بھارتی سلامی بلے باز اسمرتی مندھانا نے 45 رن بنائے جبکہ شفالی ورما نے 40 رن بنائے۔ اس سے پہلے پاکستان نے ٹاس جیتا اور پہلے بلے بازی کا فیصلہ کیا۔ پاکستان کی پوری ٹیم 19 اوورس دو گیندوں میں 108 رن بناکر آؤٹ ہوگئی۔ دیپتی شرما نے صرف بیس رن دے کر تین وکٹ حاصل کئے۔ انہیں میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیاگیا۔ بھارت اپنا اگلا میچ کل متحدہ عرب امارات کے ساتھ کھیلے گا۔x

## ARMED PERSONAL OLYMPIC

پیرس اولمپک کھیلوں میں 117 ہندوستانی کھلاڑی حصہ لیں گے، جن میں مسلح افواج کے 24 کھلاڑی بھی شامل ہیں۔ یہ کھیل اس مہینے کی 26 تاریخ سے شروع ہوں گے۔ 24 ایتھلیٹس میں 22 مرد کھلاڑی ہیں اور دو خواتین ہیں۔ مرد کھلاڑیوں میں بھالا پھینکنے کے ماہر کھلاڑی صوبے دار نیرج چوپڑہ بھی شامل ہیں۔ وزارت دفاع نے بتایا ہے کہ خواتین فوجی عملے کی دو خاتون کھلاڑی پہلی بار ہندوستانی دستے میں شامل کی گئی ہیں۔

وزارت نے بتایا ہے کہ 2022 کے دولت مشترکہ کھیلوں میں کانسے کا تمغہ جیتنے والی حولدار Jaismine Lamboria اور 2023 کی ایشیا کشتی چمپئن شپ میں کانسے کا تمغہ جیتنے والی Ritika Hooda فوجی عملے کی دو ایسی خواتین کھلاڑی ہیں، جو پہلی بار اولمپک کھیلوں میں حصہ لیں گی۔x

## WORLD JUNIOR SQUASH

اسکواش میں بھارتی لڑکوں کی ٹیم نے گروپ ایف کی چوٹی کی ٹیموں میں شامل ہونے کے لئے کل امریکہ کے ہوسٹن میں ورلڈ جوئنئراسکواش چیمپئن شپ کے ایک ٹیم مقابلے میں برازیل کو تین صفر سے شکست دی۔ بھارت پری کوارٹر فائنل میں کینیڈ ا کے ساتھ کھیلے گا۔

بھارتی لڑکیوں کی ٹیم نے برازیل اور آسٹریلیا کو شکست دی۔ اس طرح انہوں نے کوارٹرفائنل میں اپنے مقام کو یقینی بنالیا۔ اس ٹیم کا مقابلہ آخر میں گروپ ڈی کے لیک میچ میں ہانگ کانگ سے ہوگا۔xx

******